ہم اپنے آنے والے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔

# السلام علیکم ورحمت اللہ وبرکاتہ

# اہلا وسہلا مرحبا

# خلاصہ اسباق

1. ابتدائی گزارشات اور مبارک سفر کی تیاری
2. احرام کا طریقہ اور اس کے ممنوعات
3. عمرہ کا مفصل طریقہ

# حج وعمرہ کی فضیلت

حج وعمرہ کے بہت سارے فضائل قرآن وحدیث میں موجود ہیں۔ آپ جذبہ بڑھانے اور فائدہ کے لیے صرف دو احادیث مبارکہ کو ذکر کیا جاتا ہے

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

تَابِعُوْا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَإِنَّهُمَا يَنْفِيَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوبَ كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ

”حج اور عمرہ پے درپے (ایک کے بعد دوسرا) کرو، کیونکہ وہ فقر اور گناہوں کو اس طرح ختم کر دیتے ہیں جس طرح بھٹی لوہے، سونے اور چاندی کی میل دور کر دیتی ہے۔

(ترمذی)

# حج وعمرہ کی فضیلت

- حج وعمرہ کے بہت سارے فضائل قرآن وحدیث میں موجود ہیں۔ آپ جذبہ بڑھانے اور فائدہ کے لیے صرف دو احادیث مبارکہ کو ذکر کیا جاتا ہے
حضرت ابو ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
- "الْحُجَّاجُ وَالْعُمَّارُ وَفْدُ اللَّهِ، إِنْ دَعَوْهُ أَجَابَهُمْ، وَإِنْ اسْتَغْفَرُوهُ غَفَرَ لَهُمْ"
- ”حج اور عمرہ کرنے والے اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں، اگر دعا کریں تو اللہ تعالیٰ ان کی دعا کو قبول فرماتے ہیں اور اگر وہ ان سے مغفرت طلب کریں تو ان کی مغفرت فرماتے ہیں۔

(ابن ماجہ)

# ضیوف الرحمٰن سے گزارشات


- حرمین شریفین میں میسر یہ وقت انتہائی زیادہ قیمتی ہے، نہ جانے پھر کبھی زندگی میں یہ نصیب ہو یا نہ ہو، لہذا اس قیمتی وقت سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے انہیں اس طرح گزاریں کہ اللہ تعالی راضی ہو جائے۔
- بازاروں میں غیر ضروری خریداری میں وقت گزارنے کے بجائے زیادہ سے زیادہ وقت حرمین شریفین، طواف، ذکرو اذکار اور تلاوت کلام پاک اور دیگر عبادات میں حتی الامکان گزارنے کی کوشش کریں۔

# کچھ ضروری سامان

سامان سفر تیار کرتے ہوئے دیگر اشیاء کے ساتھ NIC(قومی شناختی کارڈ)پاسپورٹ و دیگر سفری دستاویز کی ایک،ایک کاپی اپنے ہر بیگ اور گھر میں ضرور رکھے۔



پاسپورٹ کی فوٹو کاپی




شناختی کارڈ کی کاپی



رسی



سوئی دھاگہ





ٹوتھ پیسٹ، مسواک

# کچھ ضروری سامان(احرام کے لیے)



احرام کے لیے بیلٹ



اضافی احرام




کوئی اچھی سے ویزلین اگر بغیر خوشبو
والی ہو تو بہت بہتر ہے۔



احرام کے لیے پن




حالت احرام کے لیے آرام دہ جوتے

# کچھ ضروری سامان



کنگھی اور قینچی



ناخن تراش




Wet tissue




Tissue roll




چھوٹا چاقو یا چھری


# کچھ ضروری سامان




حج وعمرہ کی مستند کتابیں




مسنون دعاؤں کی کتاب




قرآن مجید



سفری جائے نماز




ڈیجیٹل تسبیح
اور طواف وسعی کی چھوٹی تسبیح

# کچھ ضروری سامان





نظر کا اضافی چشمہ



دھوپ کا چشمہ






سفری تکیہ

- ❑ڈائیریا
- ❑کھانسی
- ❑نزلہ،زکام
- ❑بخار
- ❑سر درد
- ❑سفری تکیہ
- ❑دھوپ کا چشمہ

# کچھ ضروری سامان (احرام کے لیے)



اضافی احرام





احرام کے لیے بیلٹ










Powder /petroleum jelly

بغیر خوشبو والے حالت احرام میں رانوں پر چھالے پڑ جاتے ہیں۔



حالت احرام کے لیے آرادم دہ چپل



احرام کے لیے پن

# کچھ ضروری سامان



خواتین کے لیے گلے کا چھوٹا بیگ




مسجد نبوی اور حرام میں آمد ورفت کے وقت چھوٹا بیگ چپل اور دیگر سامان کے لیے



منی، عرفات اور مزدلفہ کی ضروری اشیاء کے لیے ایک چھوٹا بیگ



کنکریاں محفوظ کرنے کے لیے چھوٹی تھیلیاں



رنگین بائینڈنگ ٹیپ ااور مارکر بیگ پر نشانی کے لیے

# روانگی سے قبل

- سفر پر روانگی سے قبل افضل یہ ہے کہ اپنے متعلقین سے معافی تلافی اور دعا کی درخواست کرنی چاہیے۔
- نیز حقوق العباد بالخصوص مالی معاملات کی وصیت کرنا ضروری ہے اور گھر سے خوش وخرم روانہ ہونا۔
- سفر کے نوافل ادا کرنا کہ پہلی رکعت میں قل یاایھا الکفرون۔۔۔۔الخ
- دوسری رکعت میں قل ھو اللہ احد۔۔۔۔الخ پڑھنا۔
- سفر کے نوافل مکمل کرنے کے بعد" آیہ الکرسی، سورۃ القریش " پڑھ کر سفر میں عافیت وسلامتی اور آسانی کی دعا کرنا۔


# احرام کی تیاری



❑ مردوں کے لیے:

- حجامت بنوانا اور مونچھے کتروانا
- ہاتھ اور پاؤں کے ناخن کاٹنا
- غیر ضروری بال صاف کرنا
- غسل کرنا( عذر کی حالت میں وضو / تیمم کرنا)
- بدن پر خوشبو لگانا(احرام پر لگانے سے گریز کیجئے)
- احرام کی دونوں چادریں پہن لینا(جسم سے تمام کپڑے بالخصوص بنیان، انڈر ویئر وغیرہ اتار لینا)
- اگر مکروہ وقت نہ ہو تو احرام کی دو رکعت نفل ادا کرنا

# احرام کی تیاری



# احرام پہنے کا طریقہ



# احرام کی تیاری





# احرام کی تیاری


## خواتین کے لیے:

- ہاتھ اور پاؤں کے ناخن کاٹنا۔
- غیر ضروری بال صاف کرنا۔
- غسل کرنا۔(عذر کی حالت میں وضو / تیمم کرنا)
- حسب معمول سلا ہوا لباس پہن لینا۔
- ہاتھوں اور چہرے سے کپڑا ہٹانا۔

مگر عورت پر پردہ بھی ضروری ہے، بالخصوص چہرے کے لیے ایسی ٹوپی (HAT) پہنا جس پ چھجہ (نقاب) لگا ہوا ہو تا کہ نقاب کا کپڑا چہرہ کو نہ چھوئے اور پردہ بھی ہو جائے۔



# احرام کی تیاری



احرام سے متعلق ایک اہم مشورہ

# احرام کی تیاری

- احرام کی پابندیاں احرام کی چادریں پہن لینے سے شروع نہیں ہوتی بلکہ نیت کرنے اور تلبیہ پڑھنے سے شروع ہوتی ہیں۔
- لہذا مشورہ یہ دیا جاتا ہے کہ احرام کی چادریں باندھ لینے کے فورا بعد نیت نہ کریں، بلکہ جب جہاز میں بیٹھ جائے اور گھنٹہ ڈیڑھ بعد نیت کریں۔ اگر خدانہ خواستہ جہاز لیٹ ہو گیا یا فلائٹ منسوخ ہو گی تو پریشانی کا سامنا نہ ہوں۔



# احرام سے متعلق بعض غلط فہمیوں کا ازالہ




- بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ احرام شروع ہونے کے بعد حلال ہونے تک احرام کی مخصوص چادروں کو رات دن مستقل پہنے رکھنا ضروری ہے اور اگر ان کو اتار جائے یا کسی ضرورت سے جسم ننگا ہو جائے تو احرام ٹوٹ جاتا ہے، یہ غلط فہمی ہے، اس طرح کرنے سے احرام نہیں ٹوٹتا۔
- اسی طرح عوام میں یہ مشہور ہے کہ حالت احرام میں بدن سے خون نکلنے کی وجہ سے دم لازم ہوتا ہے۔





# احرام سے متعلق بعض غلط فہمیوں کا ازالہ



- بعض خواتین کے لیے مخصوص ایام میں احرام کا مرحلہ پیش آجاتا ہے اور وہ سمجھتی ہیں کہ ایسی حالت میں احرام شروع نہیں ہو سکتا، حالانکہ اس حالت میں احرام شروع کیا جاسکتا ہے، البتہ اس حالت میں احرام شروع کرنے سے پہلے نفل پڑھنا جائز نہیں، لیکن احرام سے پہلے کے سب کاموں کو مثلاً غسل وغیرہ کرنا جائز ہے۔
- اگر احرام سے پہلے مخصوص ایام شروع ہو جائیں تو غسل کر کے نیت و احرام کی حالت میں اپنے ہوٹل میں رہے، مسجد الحرام نہ جائے، البتہ مسجد الحرام کے باہر والے صحن میں جاسکتی ہے۔

# احرام سے متعلق بعض غلط فہمیوں کا ازالہ






- ❖ اکثر خواتین سر پر مخصوص قسم کی اوڑھنی (دوپٹہ) کو احرام سمجھتی ہیں یہ غلط فہمی ہے، بلکہ اس کو احرام کی حالت میں سر پر باندھ کر بہت سی خواتین درج ذیل خرابیوں میں مبتلا ہو جاتی ہیں:
- ❖ مثلاً بعض خواتین اس اوڑھنی کو وضو کی حالت میں بھی نہیں اتارتیں اور نہ ہی اس کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح کرتی ہیں، بلکہ اسی اوڑھنی کے اوپر ہی گیلا ہاتھ پھیر لیتی ہیں جس کی وجہ سے مسح کا اثر نیچے بالوں تک نہیں پہنچتا لہٰذا اس طرح کرنے سے ان کا وضو نہیں ہوتا اور

**اہم تنبیہ**

بعض لوگوں کی احرام کی چادر (تہبند) ناف سے نیچے سرک جاتی ہے جس پر کوئی توجہ نہیں دی جاتی جب کہ ناف ستر میں داخل ہے۔ اس کو ڈھکنے کا خاص اہتمام کرنا چاہیے۔

# نابالغ کا احرام

- نابالغ بچہ اگر حج یا عمرہ کرے تو صحیح ہو کر نفل کے درجہ میں چلا جاتا ہے
- جو بچہ نابالغ ہونے کے ساتھ ساتھ  ناسمجھ بھی ہو، جو بات کو نہ سمجھے اور جواب نہ دے تو اس کو احرام پہنا کر اس کا سرپرست یا والد اس کی طرف سے تلبیہ پڑھے اور ساتھ یہ نیت کرے کہ میں نے اس بچہ کو حج یا عمرہ کے احرام میں داخل کر دیا اور اس بچے کو اپنے ساتھ لے کر حج کے مناسک ادا کرے۔
- اب اگر کوئی نابالغ بچہ ہے مگر سمجھدار ہے اور بات کو سمجھتا ہے تو اس کو خود ہی احرام باندھ کر نیت کرنی چاہیے، اس کی طرف سے اس کے سرپرست یا والد کا احرام باندھنا درست نہیں ہو گا۔
- نابالغ بچے کو احرام کی ممنوع چیزوں سے بچانا چاہیے لیکن اگر اس بچے سے احرام یا حج کی کوئی خلاف ورزی ہو جائے تو کوئی دم واجب نہیں۔


# حالت احرام کی چند ممنوع چیزیں

- مرد کے لیے سلا ہوا لباس پہننا۔
- مرد کے لئے ایسا جوتا / چپل / سینڈل پہننا ممنوع ہے جو کہ پاؤں کے اوپر والے حصے کے بیچ کی ابھری ہوئی ہڈی چھپا دے۔
- احرام کی حالت میں چہرے اور سر کا ڈھانپنا منع ہے۔












کراس (×) کا نشان لگے ہوئے حصے کو کھلا رکھنا ضروری ہے۔ ایڑی بھی کھلی رہے تو بہتر ہے لیکن اگر کسی وجہ سے ایڑی چھپی رہے تو اس کی گنجائش ہے۔

# حالت احرام کی چند ممنوع چیزیں

- × حالت احرام میں جسم اور چادر پر خوشبو لگانا منع ہے۔
- × بدن کے کسی حصے کے بال کاٹنا، نوچنا، کھینچنا نیز ناخن کاٹنا، کترنا منع ہے۔
- × الائچی، لونگ اور خوشبودار تمباکو والے پان نیز کسی بھی خوشبودار چیز کھانا مکروہ ہے۔







# حالت احرام کی چند ممنوع چیزیں

- ✕ حالت احرام میں خوشبودار کپڑا، ٹشو پیپر، صابن، شیمپو وغیرہ منع ہے۔ (جہاز میں احتیاط کیجئے)
- ✕ ازواجی تعلقات، بلکہ ایسی کوئی بات جو اس کی خواہش کو ابھارنے والی ہو منع ہے۔
- ✕ کسی جانور کا شکار (موذی جانوروں کے علاوہ) نیز اپنے کپڑوں یا جسم کے جوں تک کو مارنا منع ہے۔









# حالت احرام کی پابندیاں

احرام کی خلاف ورزی چاہے جان کر ہو، بھول کر ہو، انجانے میں ہو، مجبوری میں ہو، خود کہ ہو یا کسی کی وجہ سے شکار ہو گئے ہوں، ہر صورت میں جزا آپ کے اوپر لازم ہو گی۔

| صرف مردوں کے لیے مخصوص پابندیاں | مرد و خواتین دونوں کے لیے یکساں پابندیاں |
|---|---|
| بدن کے ہیت پر سلا ہوا کپڑا پہننا | چہرہ ڈھانکنا (چاہے ڈسٹ ماسک ہو |
| بند جوتا یا موزہ پہننا | خوشبو کا استعمال (جسم یا کپڑوں پر |
| سر ڈھانکنا | جسم کے کسی بھی حصے سے بال توڑنا یا کاٹنا |
| ہاتھ پر دستانہ پہننا | ناخن کاٹنا( اکھڑا ہوا ناخن کاٹ سکتے ہیں |
| ------------ | زمینی جانور کا شکار کرنا یا شکار میں مدد کرنا |
| ------------ | لڑائی جھگڑا کرنا |
| ------------ | فحش یا ازدواجی معاملات ( نیت ارادہ، اظہار یا قیام) |

# نیت

## عمرہ کی نیت یوں کی جائے:

اَللّٰھُمَ اِنِّیۡ اُرِیۡدُ الۡعُمۡرَۃَ فَیَسِّرۡھَالِیۡ وَ تَقَبَّلۡھَا مِنِّیۡ

اے اللہ میں عمرہ کرنا چاہتی / چاہتا ہوں اسے میرے لئے آسان بنا اور قبول فرما۔

# تلبیہ

- تلبیہ کے الفاظ مندرجہ ذیل ہیں :
- عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے تلبیہ کے الفاظ یہ ہوا کرتے تھے:
- **”لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لاَ شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لاَ شَرِيكَ لَكَ“**

حاضر ہوں اے اللہ میں حاضر ہوں میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں۔ بے شک حمد تیرے ہی لائق ہے ساری نعمتیں تیری ہی دی ہوئی ہیں بادشاہی تیری ہی ہے اور تیرا کوئی شریک نہیں۔ [متفق عليه]

# تلبیہ کی کثرت

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جب کوئی مسلمان تلبیہ کہتا ہے تو اس کے دائیں بائیں تمام پتھر، درخت اور کنکریاں سب تلبیہ کہتے ہیں یہاں تک کہ زمین ادھر ادھر (مشرق و مغرب) سے پوری ہو جاتی ہے (یعنی جہاں تک زمیں ہے سب لبیک پکارتے ہیں)۔

سنن ترمذی

# جدہ آمد

- اگر آپ کی فلائٹ جدہ کے لیے ہے جہاں سے آپ نے مکہ ٹھہرنا ہے تو آپ میقات سے پہلے لازمی احرام پہن لیجئے اور نیت اور تلبیہ پڑھ لیجئے۔
- نماز باجماعت کا اہتمام کیجئے۔
- ذکر واذکار میں مشغول ہو جائے نیز ائیرپورٹ عملہ اور دیگر کی برائی کرنے سے پرہیز کیجئے۔
- سواری کا انتظار کیجئے جو کہ آپ کو ہوٹل تک پہنچا دے گی۔

# ہوٹل پہنچنے کے بعد

- ہوٹل میں اپنی رہائش کا انتظام اور سامان کی ترتیب کے بعد اگر ضرورت محسوس ہو تو آرام ، کھانے وغیرہ سے فراغت کے بعد عمرہ کی ادائیگی کے لئے مکمل تیاری کے ساتھ مسجد حرام تشریف لے جائے۔



# ہوٹل سے عمرہ کے لیے روانہ ہوتے وقت




ہوٹل چھوڑنے سے پہلے ہوٹل کے کاونٹر سے ہوٹل کا کارڈ ضرور لے لیں تاکہ واپسی میں خدا ناخواستہ راستہ بھولنے یا کسی ایمرجنسی کی صورت میں آپ کے پاس ہوٹل کا پتہ موجود ہو اور وہ کارڈ دکھا کر آپ آسانی سے اپنے ہوٹل پہنچ سکے اور کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑھے۔

# مسجد حرام میں داخل ہوتے وقت




مسجد حرام جاتے اپنے ہوٹل کا نام خوب غور سے دیکھ لے اور راستہ کا نام بھی معلوم کرلے کہ کس راستہ سے جارہے کوئی نشانی بھی رکھ لے۔

مسجد حرام میں داخل ہوتے وقت جس دروازہ سے داخل ہورہے ہیں اس کا نام اور نمبر بھی نوٹ کرلے تاکہ واپسی میں آپ کو کسی پریشانی کا سامنانہ کرنا پڑھے۔


# عمرہ ایک نظر میں

## عمرہ چار مخصوص اعمال کا نام ہیں:

❶ احرام



❷ طواف



❸ سعی



❹ سر کے بال صاف کرنا



# عمرہ ایک نظر میں

عمرہ چار مخصوص اعمال کا نام ہیں:

❶ احرام ❷ طواف ❸ سعی ❹ سر کے بال صاف کرنا

جو کہ!

پانچ ممنوع دن

9 ذی الحجۃ تا 13 ذی الحجہ ( یہ حج کے ایام ہیں ان میں عمرہ ممنوع ہے )

کے علاوہ ہر وقت کیا جاسکتا ہے۔

# مسجد الحرام

مسجد میں ادب کے ساتھ داخل ہونے کی دعا پڑھتے ہوئے دایاں پاؤں اندر رکھے:

بِسْمِ اللّٰهِ ، وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ

سنن ابن ماجہ

رَبِّ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي وَافْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

سنن الترمذی

# مسجد الحرام

اعتکاف کی نیت کرلیجئے اور دوسروں کو تکلیف پہنچانے سے اجتناب کیجئے۔

اعتکاف کی نیت:

یا اللہ میں اعتکاف کی نیت کرتا ہوں جب تک حرم شریف میں ہوں میرا اعتکاف رہے



## بیت اللہ پر پہلی نظر

برائے مشورہ: بیت اللہ پر پہلی نظر پڑتے ہی یہ دعا کیجئے اے اللہ میں جب تک اس سفر میں رہوں اور جو دعائیں کروں انہیں قبول فرمائے۔

# عمرہ کا طریقہ

## تلبیہ موقوف

تلبیہ جو احرام کی نیت کے ساتھ شروع ہوا تھا( جو کہ موقع بہ موقع پڑھنا تھا) حجر اسود کے سامنے آنے کے بعد موقوف کر دیجئے اور طواف کے اذکار شروع کر دیجئے۔

# عمرہ کا طریقہ

نوٹ

یاد رہے طواف با وضو ضروری ہے، وضو کے بغیر طواف نہیں ہو گا۔ اگر کسی نے بغیر وضو طواف کیا تو دم لازم ہو گا۔

معذورین اپنے عذر کی وضاحت کے ساتھ طہارت کا مسئلہ معلوم کر لیں۔






عمرہ ایک نظر میں

- احرام
- طواف
- سعی
- سر کے بال صاف کرنا

# طواف




اے اللہ میں عمرہ کا طواف کرنا چاہتا / چاہتی ہوں اپ اس کو میرے لیے آسان فرما دیجئے اور
مجھ سے قبول فرمائے۔


إلى الصفا



بداية الطواف




نوٹ: حجر اسود کے سامنے آنے کے لیے سبز لائٹ کو اپنی پشت کی جانب رکھے اب
آپ حجر اسود کے بالکل سامنے ہیں۔


استقبال
اب دائیں جانب کھسک کر حجر اسود کے بالکل سامنے آجائیے اور دونوں
ہاتھ کانوں کے سامنے اس طرح اٹھائیے جیسے نماز کے لئے اٹھائے
جاتے ہیں اور یہ دعا پڑھیے:
بِسْمِ اللهِ اَللهُ اَكْبَرُ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ
المعلم


طواف
المعلم
استلام
طواف کی دعا پڑھنے کے بعد دور ہی سے ہاتھ اٹھا کر
ان کا رخ حجر اسود کی طرف کیجئے اور پشت اپنی
جانب اس طور پر کہ ہاتھ بالکل حجر اسود کے
بالمقابل ہوں پھر ہاتھوں کو چوم لیجئے۔



حجر اسود، رکن یمانی اور ملتزم پر خوشبو لگی ہوتی ہے اس لیے حالت احرام میں ان کے ہاتھ نہ لگائے ورنہ دم لازم ہونے کا خطرہ ہے۔

# تنبیہ

استلام یعنی حجر اسود کو بوسہ دینا یا ہاتھ لگانا مسنون ہے اور کسی مسلمان کو تکلیف پہنچانا حرام ہے، اگر رش کی وجہ سے ایذاء مسلم کے بغیر بوسہ دینے کا موقع نہ ملے تو بوسہ دینا جائز نہیں۔


رسول اللہ ﷺ نے اس سے سختی سے منع فرمایا ہے۔ حجر اسود کو ہاتھ سے اشارہ بوسہ دینے کے قائم مقام ہے۔



نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

اے عمر! تم مضبوط آدمی ہو ضعیفوں کو تکلیف مت دینا، جب حجر اسود کے استقبال کے لیے آؤ تو دیکھ لو اگر خالی ہو، رش نہ ہو تو بوسہ لے لو ورنہ ہاتھ کے اشارے سے استقبال کرتے ہوئے تکبیر کہہ لو۔


المعلم
طواف شروع
استلام یا اشارہ استلام کے بعد اپنے دائیں جانب طواف شروع کر دیجئے اس طرح کے
حجر اسود آپ کے بائیں جانب رہیں۔


المعلم
تنبیہ
حجر اسود کے استلام یا اشارۂ استلام کے علاوہ دورانِ طواف
خانہ کعبہ کی طرف سینہ یا پشت کرنا جائز نہیں۔
طواف
طواف شروع
استلام یا اشارۂ استلام کے بعد اپنی دائیں جانب طواف شروع کر دیجئے
اس طرح کہ حجر اسود آپ کے بائیں جانب رہے۔

# رمل

طواف کے ابتدائی تین چکروں میں رمل کیا جاتا ہے۔
باقی چار چکروں میں عام رفتار سے چلئے۔
رمل کا مطلب: پہلوانوں کی طرح ذرا تیزی سے شانے (کندھے) ہلاتے ہوئے ہلکی سی دوڑ والی صورت بنا کر چلنا۔

# رمل

نفلی طواف عام کپڑوں میں (علاوہ احرام) کیا جائے۔ اس میں اضطباع اور رمل دونوں نہیں کیے جائیں گی۔ نیز صفا مروہ کی سعی بھی نہیں کی جائیں گی۔ البتہ اس طواف کی دو رکعت مکروہ وقت کے علاوہ پڑھنی ہونگی۔

یہ حکم مردوں کے لیے ہے عورتیں رمل نہ کریں بلکہ اپنی عام رفتار سے چلیں۔




طواف کرتے ہوئے جب رکن یمانی ( بیت اللہ کا مغربی کونہ جو حجر اسود کے بالمقابل ہے اور طواف میں حجر اسود سے پہلے آتا ہے ) پر پہنچیں تو اس کا دونوں یا دایاں ہاتھ لگانا مسنون ہے البتہ احرام کی حالت میں (چونکہ رکن یمانی کو خوشبو لگی ہوتی ہے ) ہاتھ لگانے سے اجتناب کیجئے ورنہ دم لازم آئے گا۔

تنبیہ : رکن یمانی کو چومنا ایسے ہی اسے ہاتھ لگا کر چومنا ثابت نہیں۔

# رکن یمانی کی دعا

رکن یمانی سے حجر اسود کی طرف جاتے ہوئے یہ مسنون دعا پڑھے

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ




دعا پڑھتے ہوئے حجر اسود پر پہنچنے سے طواف کا ایک چکر مکمل ہو گیا۔
اب دوسرے چکر کے لئے پھر سے استلام یا اشارہ استلام کیجئے اور اگلا چکر شروع کیجئے۔



## تنبیہ

- طواف میں ہاتھ کانوں کے مقابل صرف طواف شروع کرنے سے پہلے استقبال حجر اسود میں اٹھائے جائیں گے۔
- دوران طواف حضور اکرم ﷺ سے کوئی مخصوص دعائیں ثابت نہیں لہذا کوئی بھی دعا کسی بھی زبان میں مانگنا افضل ہے۔





طواف مکمل ہوا

اب اضطباع (دایاں کندھا کھلا رکھنا)

ختم کر دیجئے

اور کھلے ہوئے کندھے کو ڈھانپ لیجئے۔

# عمرہ کا طریقہ

## تنبیہ

بعض لوگ ابتدائی تین چکروں میں رمل کے ساتھ اضطباع کرتے ہیں اور چوتھے چکر میں دونوں کو چھوڑ دیتے ہیں۔

یہ غلط ہے رمل ابتدائی تین چکر میں کیا جاتا ہے اور اضطباع تمام سات چکر میں کیا جاتا ہے۔

# مقام ابراہیم پر دوگانہ




مقام ابراہیم کے پیچھے یا جہاں اطمینان

مسئلہ :

یہ دو رکعت مکروہ اوقات میں نہ پڑھیے البتہ مکروہ اوقات میں طواف کیا جا سکتا ہے۔

مکروہ اوقات

فجر کی نماز کے بعد اشراق کے وقت تک، زوال ( حرمین میں ظہر کی اذان سے احتیاطا 12 منٹ قبل ) کے وقت، عصر کی نماز پڑھنے کے بعد مغرب تک۔ البتہ ان اوقات میں اگر طواف کر لیا تو دو رکعت طواف مؤخر کیجیے مثلاً اگر طواف عصر کے بعد کیا تو دو رکعت طواف مغرب کے بعد پڑھیے




## ملتزم

طواف سے فارغ ہو کر دو رکعت پڑھنے
کے بعد اگر سہولت سے ممکن ہو تو ملتزم
(بیت اللہ کی دیوار کا وہ حصہ جو حجر اسود
اور بیت اللہ کے دروازے کے درمیان
ہے) پر آکر دل جمعی سے دعائیں کیجئے۔

# زم زم پینا

**اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّ رِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَاءً مِّنْ كُلِّ دَاءٍ**

اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والے علم اور فراخی والے رزق اور ہر مرض سے شفاء کا سوال کرتا ہوں۔








## عمرہ ایک نظر میں

- احرام
- طواف
- سعی
- سر کے بال صاف کرنا

سعی کے لیے جانے سے پہلے حجر اسود کے سامنے آئے اور استلام یا اشارہ استلام کیجئے یہ نواں استلام ہوا اس کے بعد صفا کی طرف جائے۔




مروہ کے درمیان سات چکر لگانے کا ہے جس کو ”سعی“ کہتے ہیں۔

# صفا کے جانب

- جب صفا پر پہنچے تو یہ پڑھے:

۞ إِنَّ ٱلصَّفَا وَٱلْمَرْوَةَ مِن شَعَآئِرِ ٱللَّهِ ۖ فَمَنْ حَجَّ ٱلْبَيْتَ أَوِ ٱعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَا ۚ وَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ ٱللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ (البقرة:158)

- بے شک صفا اور مروہ اللہ تعالٰی کی نشانیوں میں سے ہیں، لہذا جو شخص بھی بیت اللہ کا حج کریں یا عمرہ کرے تو اس کے لیے اس بات میں کوئی گناہ نہیں ہے کہ وہ اس کے درمیان چکر لگائے اور جو شخص خوشی سے کوئی بھلائی کا کام کرے تو اللہ یقیناً قدر دان (اور) جاننے والا ہے۔

# صفا کی جانب



- صفا پر چڑھ کر ایسے کھڑے ہو جائے کہ صفا آپ کے پشت کی جانب ہو اور بیت اللہ نظر آ سکے۔
- ہجوم یا ستونوں کی وجہ سے بیت اللہ نظر نہ آئے تو کوئی حرج نہیں۔
- اب قبلہ رخ کھڑے ہو کر سعی کی یوں نیت کیجئے:
- یا اللہ میں آپ کی رضا کے لیے صفا و مروہ کے درمیان سعی کا ارادہ کرتا ہوں اس کو میرے لیے آسان فرما دیجئے اور قبول فرمائے۔
- پھر حمد و ثنا کے بعد خوب دعا کیجئے۔


بداية الصفا
SAFA START
شروع صفا

تنبیہ:
میلین اخضرین (سبز لائٹوں) کے درمیان خواتین نہ دوڑیں۔




جب "میلین اخضرین" یعنی سبز لائٹوں کے قریب پہنچیں:
تو مرد ہلکی سی دوڑنے کی صورت اختیار کرلیں





تنبیہ:


میلین اخضرین (سبز لائٹوں) کے درمیان خواتین نہ دوڑیں۔

# مروہ




مروہ پہنچ کر قبلہ رخ ہو کر دعا کیجئے۔ یہ سعی کا ایک چکر مکمل ہوا۔ پھر مروہ سے صفا کے طرف چلیے اور میلین اخضرین (سبز لائٹوں) کے درمیان مرد ہلکی دوڑ لگائیں، صفا پر پہنچ جائیں، یہ دوسرا چکر مکمل ہوا۔

# سعی ایک نظر میں



# سر کے بال صاف کرو لیجئے

- عمرہ کا آخری عمل
- سعی کے بعد مکمل سر کے بال منڈوا لیجئے۔

نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے حلق ( بال منڈوانے ) والوں کے لیے تین مرتبہ رحمت اور مغفرت کی دعا فرمائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

# سر کے بال صاف کروالیجئے

- عمرہ کا آخری عمل
- سعی کے بعد مکمل سر کے بال منڈوالیجئے۔
- خواتین اپنے بالوں کی چٹیا کے سرے (تقریبا ایک انچ کے برابر) کاٹ لیں۔
- مروہ پر کچھ افراد قینچی لئے کھڑے ہوتے ہیں، انہیں دیکھ کر مرد یہ سمجھتے ہیں کہ قینچی سے کچھ بال کتروالیں تو یہ واجب مکمل ہو جائے گا۔ اس سے اجتناب ضروری ہے ورنہ دم لازم ہو گا۔

# عمرہ مکمل

- عمرہ کا آخری عمل


✓ سر کے بال صاف کروانے کے بعد عمرہ مکمل ہو گیا۔


✓ احرام کی پابندیاں ختم ہوئیں لہذا درج ذیل کام کئے جا سکتے ہیں۔


✓ غسل، معمول کے کپڑوں کا استعمال، خوشبو وغیرہ۔

✓ اب آپ عام معمول کی زندگی میں آ گئے۔

# عمرہ مکمل




المعلم
اصلاحی و تربیتی مجالس
طواف کا طریقہ
احرام کی تیاری
احرام کی چادر پہن لیجئے
دو رکعت نفل
لبیک اللھم لبیک
نیت مع تلبیہ
اضطباع + طواف کی نیت
استقبال + استلام
ابتدائی تین چکروں میں رمل
رکن یمانی کو دونوں ہاتھوں یا
صرف دائیں ہاتھ سے چھونا
احرام کی حالت میں ہاتھ نہ لگائیں
سات مرتبہ کعبہ کے چکر لگانا
مقام ابراہیم پر دوگانہ



المعلم
سعی کا طریقہ
استلام یا اشارہ استلام
مروہ پہنچ کر کعبہ کی طرف رخ کرتے ہوئے دعا کرنا
صفا سے مروہ کی طرف جانا
1 3 5 7
صفا اور مروہ کے سات چکر لگانا
سعی صفا سے شروع ہو کر مروہ پر ختم ہوتی ہے
ہر چکر میں سبز ستونوں کے درمیان دوڑنا
سعی کے بعد مردوں کے لئے بہتر ہے کہ سارے سر کے بال منڈوائیں اور عورتیں ایک پور کے برابر بال کاٹیں
کوہ صفا پر جا کر کعبہ کی طرف رخ کرتے ہوئے سعی کی نیت اور دعا کرنا

رابطہ نمبر


سید مسعو د شاہ

03339115024

یوفون